تبصرے

انواعِ فلسفہ از جناب ظفر حسین خاں صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۳۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپے آٹھ آنے (۸/ ۵) شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ھند) علی گڑھ

انگریزی میں پروفیسر ولیم ارنسٹ ہاکنگ کی کتاب "ٹائپس آف فلاسفی" فلسفہ کے علما اور طلباء میں بہت مشہور و مقبول کتاب ہے جس میں فاضل مصنف نے عام فہم اور سلیس و دلچسپ انداز بیان میں فلسفہ کی تعریف مختلف ادوار میں اس کی شکلیں اور اس کے مدارج ارتقا اور پھر مختلف نقطہائے نظر کے ماتحت اس کی مختلف شاخیں اور اسکول وغیرہ مباحث پر گفتگو کر کے ہر ایک قسم یا اسکول کی تشریح کی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کا اردو ترجمہ ہے۔ لائق مترجم نے اصل کتاب کی خصوصیت یعنی سہولت و شستگی بیان کا ترجمہ میں بھی کافی لحاظ رکھا ہے۔ یہاں تک کہ بظاہر ترجمہ ترجمہ نہیں معلوم ہوتا بلکہ ترجمہ پر اصل کا دھوکہ ہو جاتا ہے اس حیثیت سے اس کتاب کی اشاعت سے اردو میں فلسفہ کی کتابوں کے ذخیرہ میں ایک مفید اضافہ ہوا ہے۔ کتاب ۳۵ ابواب پر مشتمل ہے شروع میں لائق مترجم کا مقدمہ ہے جس میں اصل کتاب اور اس کے مصنف سے انھوں نے تعارف کرایا ہے اور آخر میں فرہنگ اصطلاحات ہے جس میں اردو کے ساتھ انگریزی کے مترادفات دئے گئے ہیں۔ اور پھر اردو زبان میں فلسفہ کی منتخب کتابوں کی ایک فہرست ہے فلسفہ کے طلباء کے علاوہ اردو کے عام ذی استعداد حضرات کے لئے بھی اس کتاب کا مطالعہ مفید اور بصیرت افزا ہوگا۔

اطلاقی سماجیات از ڈاکٹر جعفر حسن تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت پانچ روپیہ شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ھند) علی گڑھ

اطلاقی سماجیات خوش حالی کے اس علم کا نام ہے جس میں سماج اور تمدن کی خرابیاں اور